شخصیت اور خدمات کے ساتھ ساتھ مجلس احرار اسلام کی سیاسی و دینی جدوجہد کے مختلف پہلوؤں کا بھی احاطہ کرتا ہے ماہنامہ نقیب ختم نبوت کا سالانہ زر خریداری ایک سو روپے ہے۔ جبکہ اس خصوصی نمبر پر الگ قیمت درج نہیں ہے۔ ملنے کا پتہ دار بنی ھاشم مہربان کالونی ملتان۔

پگڑی کا مکمل و مدلل بیان

مولانا سخی داد خوستی نے "الحجۃ التامۃ فی لبس العمامۃ" کے عنوان سے اس کتابچہ میں پگڑی کے سنت ہونے کے بارے میں دلائل کو یکجا کیا ہے اور اس سلسلہ میں مختلف اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے ترغیب دلائی ہے کہ جناب نبی اکرم ﷺ کی دیگر سنتوں کی طرح آج کے دور میں اس سنت کو بھی عام کرنا چاہیے کتابچہ معلوماتی اور مصنف کے دینی جذبہ کا مظہر ہے اس کے صفحات ایک سو ہیں اور قیمت درج نہیں۔ ملنے کا پتہ مکتبہ طیبہ شیخ آباد ژوب بلوچستان۔

نظریہ پاکستان کا ارتقاء

معروف دانش ور پروفیسر محمد منور نے اس کتابچہ میں ھندو معاشرت کی اس تنگ دامنی کا تاریخی تجزیہ کیا ہے جو برصغیر میں بالآخر مسلمانوں کے لیے پاکستان کے نام سے ایک الگ ملک کے مطالبہ اور تحریک پر منتج ہوئی اور پھر پاکستان وجود میں آگیا تحریک پاکستان کے تاریخی پس منظر کو سمجھنے کے لیے اس کا مطالعہ بہت مفید ہے۔ مکتبہ وحدت ملی ۴۰ - بی اردو بازار لاہور کی طرف سے یہ کتابچہ مفت تقسیم کیا گیا ہے۔

حمیدیہ شرح اردو رشیدیہ

رشیدیہ فن مناظرہ کی معروف کتاب ہے جو درس نظامی کے نصاب میں شامل ہے اور اہل علم ایک عرصہ سے اس سے استفادہ کر رہے ہیں۔ مدرسہ نصرت العلوم کے فاضل مدرس مولانا حافظ عبدالقدوس خان قارن نے اس کا اردو ترجمہ اور ضروری مقامات کی تشریح کر کے اس فن پارہ کو طلبہ اور اردو دان طبقہ کے لیے قدرے آسان کر دیا ہے یہ کوشش تعلیمی اور تدریسی نقطہ نظر سے بلا شبہ قابل قدر ہے لیکن اس کتاب کے لکھے جانے کے بعد چار صدیاں گزر چکی ہیں اور گفتگو اور مناظرہ کا فن بے شمار مزید مراحل طے کر چکا ہے اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ گفتگو اور مباحثہ کے جدید اسلوب اور تقاضوں سے بھی دینی مدارس کے طلبہ کو روشناس کرایا جائے تاکہ منبر و محراب کے اسلوب تکلم کو اجنبی اور بوجھل محسوس کرنے کا رجحان کم ہو اور نئی نسل اس سے زیادہ استفادہ کر سکے۔ خوبصورت اور مضبوط جلد کے ساتھ معیاری کتابت و طباعت سے کتاب مزین ہے۔ ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل اس کتاب کی قیمت اڑتالیس روپے ہے اور مکتبہ صفدریہ نزد مدرسہ نصرت العلوم گوجرانوالہ سے طلب کی جاسکتی ہے۔